دسمبر 2018 | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر) | III Semester تیسرا سمسٹر

پرچہ : شمولیتی تعلیم

Paper - BBED303CCT : Inclusive Education

گھنٹے 2 Hrs : وقت : Time | Maximum. Marks 35 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 05 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(5 x 1 = 5 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 04 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 4 = 20 Marks)**
3. حصہ سوم میں 02 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 01 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(1 x 10 = 10 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) خصوصی تعلیم سے کیا مراد ہے۔

(a) معذور بچوں کے لئے تعلیم (b) پسماندہ بچوں کے لئے تعلیم

(c) بالغ لوگوں کیلئے تعلیم (d) مندرجہ بالا سبھی

(ii) قانونی طور پر بصری معذور بچے وہ ہوتے ہیں جن کی بینائی..............ہو

(a) 40/200 feet (b) 30/200 feet (c) 20/200 feet (d) 10/200 feet

(iii) اکتسابی معذوری میں مبتلا وہ بچے ہوتے ہیں جن کو

(a) پڑھنے میں مسئلہ ہو (b) لکھنے میں مسئلہ ہو

(c) ریاضیات میں مسئلہ ہو (d) مندرجہ بالا سبھی ہو

(iv) معذوری (Disability) سے مراد ہے؟

(a) جسمانی کمزوری (b) ذہنی کمزوری

(c) جسمانی اور ذہنی کمزوری (d) احساس اعضاء کا نہ ہونا

(v) ہندوستانی آئین کے دفعہ ۳۰ (Article-30) کا تعلق مندرجہ ذیل میں سے کس سے ہے؟

(a) تعلیم نسواں (b) اقلیتوں سے

(c) درج فہرست ذات (SC) و درج فہرست قبائل سے (d) پسماندہ طبقات سے

حصہ دوم

2. شمولیاتی تعلیم سے کیا مراد ہے؟ اسکی اہمیت بیان کیجئے۔
3. خصوصی تعلیم اور شمولیاتی تعلیم میں فرق کو واضح کریں۔
4. شمولیاتی تعلیم میں انضمامی (Integration) اور علیحدگی (Segregation) کے تصور میں کیا فرق ہے۔ بیان کریں۔
5. معذور اور کمزور بچوں کی تعلیم میں شمولیت کے لئے کوئی پانچ اقدام کو تحریر کریں۔
6. خصوصی ضرورت کے حامل بچوں (Children with Special Needs) کے مختلف خصوصیات کو بیان کریں۔
7. سمعی طور پر معذوری میں مبتلا بچوں کی درجہ بندی (Classification) کیجئے اور ان کی تعلیمی شمولیت کے لئے مختلف اقدام بتائیں۔
8. ذہنی طور پر معذور بچوں کی تعلیم کے لئے کون کون سے تدابیر اختیار کریں گے۔
9. ہندوستانی خواتین کی تعلیمی پسماندگی کو دور کرنے کے لئے آپ کون کون سے اقدامات اٹھائینگے؟

حصہ سوم

10. اقلیتوں کی تعلیمی پسماندگی کے وجوہات کیا ہیں؟ مسلم اقلیتوں کی تعلیم کو فروغ دینے میں کون کون سے اقدامات اور لائحہ عمل ضروری ہیں۔
11. اکتسابی طور پر معذور بچوں (Learning Disabled Children) کی مختلف خصوصیات بیان کیجئے۔ اکتسابی طور پر معذور بچوں کی تعلیم کو فروغ دینے کے اقدامات کی وضاحت کیجئے۔

☆☆☆